© rasailojaraid.com



# دار العلوم کے شب و روز ............ شفیق الدین فاروقی

**افغان حکومت اور شوریٰ کے نائب صدر مولانا عبدالکبیر حقانی کی دار العلوم تشریف آوری :**

گزشتہ دنوں تحریک طالبان کے اہم حکومتی عہدیدار اور عظیم مجاہد مولانا عبدالکبیر فاضل دار العلوم حقانیہ کئی علماء اور افغان حکومت کے اہم ارکان سمیت دار العلوم تشریف لائے۔ آپ نے دار العلوم حقانیہ کے مختلف نئے شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ مولانا عبدالکبیر حقانی افغانستان کے شوریٰ کے نائب صدر بھی ہیں اور اسکے ساتھ ساتھ صوبہ ننگرھار جلال آباد کے گورنر بھی۔ آپ نے نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب کی رہائش گاہ پرانی سے تفصیلی ملاقات کی۔ اس موقع پر مولانا حامد الحق صاحب اور دیگر اساتذہ اور علماء کرام بھی موجود تھے۔

**سپاہ صحابہ کے صدر مولانا اعظم طارق کی دار العلوم تشریف آوری :-** اسی طرح گزشتہ ہفتے سپاہ صحابہ پاکستان کے صدر اور معروف عالم دین مولانا اعظم طارق صاحب اپنے ساتھیوں سمیت دار العلوم حقانیہ تشریف لائے۔ آپ نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب سے انکی رہائش گاہ پر تفصیلی ملاقات کی۔ دوران ملاقات ملک کی سیاسی اور عالمی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ بعد میں آپ نے دار العلوم کی جامع مسجد میں طلباء سے خطاب بھی فرمایا۔

**معروف بین الاقوامی امریکن نیوز ٹی وی چینل سی این این (CNN) ٹیم کی دار العلوم آمد** دار العلوم کی عظیم خدمات اور اسکے عالمی کردار کے باعث حسب سابق عالمی اور خصوصاً مغربی میڈیا کے نمائندے لگاتار حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے انٹرویوز لینے اور دار العلوم کو دیکھنے کیلئے مسلسل آرہے ہیں۔ اسی سلسلے میں امریکہ کے معروف اور سب سے مقبول نیوز ٹی وی چینل سی این این کی ٹیم بھی گزشتہ دنوں دار العلوم حقانیہ آئی۔ اور حضرت مولانا سے دی ورلڈ ٹوڈے (The World Today) پروگرام کیلئے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ انٹرویو پروگرام کی سینئر نیوز پروڈیوسر مسز نینسی لین (Nancy Lane) اور ڈیوڈ ایس رسٹ (David S. Rust) اور انکے ساتھی نے ریکارڈ کیا۔ بعد میں آپ نے دار العلوم کے مختلف کلاسوں اور اساتذہ اور طلباء سے انٹرویوز بھی لئے۔ یہ

© rasailojaraid.com